PROVINCIAL ASSEMBLY SECRETARIAT,
KHYBER PAKHTUNKHWA

https://www.pakp.gov.pk 0919210489 Ext: 1216 https://www.facebook.com/pakpgov

**Most Immediate**

**No.PA/Khyber Pakhtunkhwa/Legis:II/2026/** 1576
**Date: 29th January, 2026**

To,

All the Administrative Secretaries,
Government of Khyber Pakhtunkhwa

Subject: - **ALLOTMENT OF DAYS FOR ANSWERING QUESTIONS FOR 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA.**

Dear Sir,

I am directed to refer to the subject cited above and to inform you that under rule 56 of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa Procedure and Conduct of Business Rules, 2025, Mr. Speaker has been pleased to allot days to various Administrative Departments in order of rotation for answering questions in the Provincial Assembly Session as at Annexure-I.

**2.** Questions in 76th, 77th, 78th, 79th & 80 groups as at Annexure-II will be taken-up on 02nd, 03rd, 04th, 06th and 09th February, 2026, respectively, for the 9th Session of the Assembly. Moreover, replies to the questions, if already not sent, shall be sent at least two clear days before the day fixed for their replies.

**3.** In case of non receipt of reply to a question, blank question will be placed on the list of business, and in that case, any inconvenience caused to the Minister, the Department will be responsible.

**Note: - Allotment of days along-with list of questions can also be downloaded from the official website of the Provincial Assembly on the given link:-www.pakp.gov.pk**

Yours faithfully,

**(SARMAD ULLAH KHAN AFRIDI)**
**ASSISTANT SECRETARY-IX**

Endst: No. & Date Even

Copy of the above is forwarded for information & necessary action to:-

1. All the Provincial Ministers, Khyber Pakhtunkhwa.
2. All the Advisors to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
3. All the Special Assistants to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
4. All the Honorable Members of the Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
5. The Principal Secretary to Chief Minister, Khyber Pakhtunkhwa.
6. The Principal Secretary to Governor, Khyber Pakhtunkhwa.
7. All the Additional Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
8. The Director IT, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
9. All the Deputy Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
10. All the Assistant Secretaries, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
11. The Principal Secretary to Mr. Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Speaker.
12. The Private Secretary to Chief Secretary, Khyber Pakhtunkhwa for information of the Chief Secretary.
13. The Deputy Director Coordination & Protocol, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa.
14. The Deputy Private Secretary to Deputy Speaker, Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Honorable Deputy Speaker.
15. The A,P.S to Secretary ,Provincial Assembly of Khyber Pakhtunkhwa for information of the Secretary.

**ASSISTANT SECRETARY-IX**

**ANNEXURE-I**

**ALLOTMENT OF DAYS FOR THE 9TH SESSION OF THE PROVINCIAL ASSEMBLY OF KHYBER PAKHTUNKHWA**

| Group No. | Date of Sitting | Name of Departments |
|---|---|---|
| 76th | Monday 02nd February, 2026 | • Relief, Rehabilitation & Settlement<br>• Finance<br>• Irrigation<br>• Zakat, Ushr, Social Welfare & Women Empowerment |
| 77th | Tuesday 03rd February, 2026 | • Food<br>• Higher Education, Archives & Libraries<br>• Elementary & Secondary Education |
| 78th | Wednesday 04th February, 2026 | • Agriculture<br>• Communication & Works<br>• Local Government, Elections & Rural Development |
| 79th | Friday 06th February, 2026 | • Planning & Development<br>• Health<br>• Establishment<br>• Sports & Youth Affairs<br>• Home & Tribal Affairs |
| 80th | Monday 09th February, 2026 | • Minerals Development<br>• Climate change, Forestry, Environment and wildlife<br>• Labour<br>• Industries, Commerce & Technical Education<br>• Excise, Taxation & Narcotics Control |

**ANNEXURE-II**

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 76 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 02 فروری 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:04 AM - Tue
**Question # 1482** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**جناب محمد ریاض ،صاحب (پی کے -95) ,رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر آبپاشی ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سال 2018 تا 2023 کی اے ڈی پیز میں حلقہ PK-95 کے لئے کتنا فنڈز مختص کیا گیا تھا؟ اس میں کتنا جاری اور کتنا خرچ ہوا تھا؟

(ب) خرچ شدہ فنڈز کہاں کہاں اور کن کن سکیموں پر خرچ کیا گیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 09:04 AM - Fri
**Question # 1691** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 07, 2025 - Thu
**محترمہ اشبر جان جدون صاحبہ ,رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر زکوٰۃ، عشر و سماجی بہبود ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبہ خیبر پختونخواہ میں خواتین کو بااختیار بنانے والے کتنے تربیتی مراکز کام کر رہے ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 01, 2025 -- 05:30 PM - Fri
**Question # 1692** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Aug 08, 2025 - Fri
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ ,رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر زکوٰۃ، عشر، سوشل ویلفیئر اینڈ ویمن ایمپاورمنٹ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سوشل ویلفیئر آفس ایبٹ آباد میں ڈسٹرکٹ آفیسر موجود ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب مثبت میں ہو تو آیا مذکورہ ڈسٹرکٹ آفیسر کی تعیناتی عارضی طور پر کی گئی یا مستقل بنیادوں پر، نیز جس طریقہ کار کے تحت تقرری ہوئی اُس کی تفصیل مروجہ اور طے شدہ قواعد و ضوابط کے تحت فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 03, 2025 -- 02:32 PM - Wed
**Question # 1809** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 17, 2025 - Wed
**جناب احسان اللہ خان صاحب ,رکن صوبائی اسمبلی**

ازراہ کرم وزیر برائے محکمہ آبپاشی ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ سال 2024 سے تاحال ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں محکمہ آبپاشی کی جانب سے مختلف ٹینڈرز جاری کیے گئے ہیں، جن میں حلقہ پی کے۔115 میں گومل زام اور رود کوہی سے متعلق ٹینڈرز بھی شامل ہیں؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ تفصیل فراہم کی جائے کہ:

1۔ حلقہ پی کے۔115 میں کس نوعیت کے کاموں کے لیے ٹینڈرز جاری کیے گئے؟

2۔ کن کنٹریکٹرز یا فرمز کو یہ ٹینڈرز دیے گئے؟

3۔ ان ٹینڈرز کے تحت کتنی رقم جاری کی گئی؟

4۔ متعلقہ کاموں کی تکمیل کی موجودہ صورتحال کیا ہے؟

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:45 PM - Fri
**Question # 1764**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 11, 2025 - Thu
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ, رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر زکواۃ عشر اور سماجی بہبود از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سالانہ ترقیاتی پروگرام برائے مالی سال 25-2024 میں محکمہ کو مختلف مدات میں ترقیاتی فنڈ ملا تھا؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ مالی سال میں ملنے والی رقم کو کہاں کہاں پر کتنا خرچ کیا گیا اور کتنا فنڈ منقضی ہوا تفصیل فراہم کی جائے؟ نیز منقضی ہونے کی وجوہات بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:03 AM - Fri
**Question # 1815**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب, رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر امداد، بحالی و آباد کاری از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع لوئر کوہستان میں اس وقت ریسکیو 1122 کے کل کتنے اہلکار و افسران تعینات ہیں؟

(ب) کیا قواعد کے مطابق موجودہ 1122 سٹاف ضلع کوہستان کی ضروریات پورا کرنے کے لیے کافی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:57 PM - Wed
**Question # 1889**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 22, 2025 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب, رکن صوبائی اسمبلی**

از راہِ کرم وزیر برائے آبپاشی ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) مالی سال 2024-25 میں ضلع لوئر کوہستان کے لیے کتنے فنڈز کن منصوبوں کے لیے مختص کیے گئے تھے؟ نیز مختص کردہ فنڈز میں سے اب تک کتنا فنڈ ضلع لوئر کوہستان میں خرچ کیا گیا ہے؟ اسکی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 19, 2025 -- 01:00 PM - Wed
**Question # 1908**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 01, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب, رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر امداد، بحالی و آباد کاری از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ڈیرہ اسماعیل خان کے علاقہ کچہ میں حالیہ سیلاب سروے کے مطابق کتنی زرعی زمین متاثر یا تباہ ہوئی ہے، کتنے مکانات کو جزوی نقصان اور کتنے مکان منہدم ہوئے ہیں؟ الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) سیلاب زدگان کے حوالے سے صوبائی حکومت کی پالیسی کیا ہے سیلاب کے باعث نقل مکانی کرنے والوں کی تعداد کتنی ہیں؟

(ج) اب تک کتنے متاثرین میں امدادی رقوم (چیک) تقسیم کئے گئے ہیں اور کتنے متاثرین کو ابھی تک امداد نہیں ملی ہر ایک کی الگ الگ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 23, 2025 -- 12:30 PM - Tue
**Question # 1978**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**جناب محمد نثار صاحب, رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر امداد، بحالی و آباد کاری از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حالیہ باجوڑ میں آپریشن کے متاثرین (IDPS) کو محکمہ ہذا نے خوراک فراہم کی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ آپریشن سے علاقہ میں مکانات کو بھی شدید نقصان پہنچا تھا اور کافی تعداد میں لوگ شہید اور زخمی بھی ہوئے تھے؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کی جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) حلقہ پی کے۔22 کے زخمی اور شہداء کے لئے پالیسی کے مطابق کیا اقدامات اٹھائے گئے ہیں اور اب تک اس پر کیے گئے عمل درآمد کی مکمل تفصیل فراہم کی جائیں۔

(ii) حلقہ پی کے۔22 میں جن گھروں کو نقصان پہنچا اس کی ریکارڈ محکمہ نے ترتیب دیا ہے؟ کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

(iii) محکمہ ہذا کی طرف سے PK-22 میں فی خاندان کو فراہم کی گئی تیار خوراک، نقد رقوم اور دی گئی دوسری امداد کا مکمل ریکارڈ اور اسکی تفصیل بمعہ دستاویزات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 26, 2025 -- 03:02 PM - Fri
**Question # 1980**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**جناب عدنان خان صاحب, رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر خزانہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ پانچ سالوں کے دوران خیبر پختونخوا کا NFC Award سے کل کتنی رقم بنتی ہے؟

(ب) مذکورہ این ایف سی ایوارڈ سے کل کتنی رقم صوبے کو موصول ہوئی ہے؟

(ج) مذکورہ ایوارڈ سے صوبائی حکومت اور ضم شدہ اضلاع میں خرچ شدہ رقم کی تفصیلات فراہم کی جائیں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 77واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 03فروری 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:54 PM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 1467**
**Sent to Dept Date:** Jul 09, 2025 - Wed
**Mr Ahmad Kundi, Member Provincial Assembly**
Will the Minister for Elementary & Secondary Education state that:.
(a) It is true that the department enacted laws/acts from time to time related to the department/attached departments and subordinate bodies & authorities?
(b) Whether the latest copies of each of the enacted Acts are available on the official website of the department/subordinate department? If so the details there of, if not the reasons thereof:
(c) Is it the fact that the department or its subordinate departments who were required to frame the rules under the enacted Acts. Despite the passage of years they have not been framed such rules? If so the reasons there of:
(d) What steps are being taken to make laws in line with the above Acts at an earliest?

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:58 PM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 1459**
**Sent to Dept Date:** Jul 11, 2025 - Fri
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**
کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ
(الف)آیا یہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں بڑی تعداد میں مڈل اور ہائی سکولوں میں کمپیوٹر ٹیچرز کی کمی ہے ؟
(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو صوبہ بھر میں کتنے سکولوں میں کمپیوٹر ٹیچرز کی کمی ہے ؟اس کی ضلع وار تعداد بتائی جائے۔نیز صوبائی حکومت اس مسئلے پر قابو پانے کے لئے کیااقدامات کر رہی ہے ؟اس کی وضاحت کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:34 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 1717**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب ,رکن صوبائی اسمبلی**
کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ
(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لکی مروت میں یونیورسٹی تعمیر کی جارہی ہے ؟
(ب) اگر الف کا جواب مثبت میں ہو تو:
(i) مذکورہ یونیورسٹی کل کتنے رقبے پر محیط ہے اور فی کنال زمین کا ریٹ کتنا لگایا گیا ہے ؟
(ii) یونیورسٹی کی تعمیر کے لیے لی گئی زمین کے مالکان میں سے کتنے مالکان کو معاہدے کے مطابق پیسوں کی ادائیگی کی جاچکی ہے ؟ کتنے کنال زمین بغیر ادائیگی کے رہتی ہے ؟اور یہ بقیہ ادائیگی اگر رہتی ہے تو کیوں نہیں کی گئ؟ مالکان کو ادائیگی کے لیے کیا طریقہ کار اپنایا گیا؟
(iii) زمین کی خریداری کے لیے حکومت نے ٹوٹل کتنے رقم یونیورسٹی کی انتظامیہ کو ریلیز کئے ہیں۔اور اس رقم میں سے ابھی تک کتنے پیسے یونیورسٹی انتظامیہ کے پاس پڑے ہیں؟

**Notice Date :** Aug 18, 2025 -- 11:38 AM - Mon
**سوال نمبرQuestion # 1721**
**Sent to Dept Date:** Aug 19, 2025 - Tue
**جناب جوہر محمد صاحب ,رکن صوبائی اسمبلی**
کیاوزیرابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ
(الف) محکمہ تعلیم ضلع لکی مروت کے پرائمری، مڈل اور ہائی سکولوں کو سالانہ کتنا فنڈ ملتا ہے ؟ جاری شدہ فنڈ کس کس مد میں استعمال ہوتا ہے ؟ پچھلے پانچ (5) سالوں کی مکمل تفصیلات ایئر وائز فراہم کی جائیں ؟

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 03:51 PM - Mon
**Question # 1792**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ, رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ حکومت نے ڈگری کالجز اور یونیورسٹیوں کو آؤٹ سورس کرنے کی پالیسی اپنائی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہوں تو:

(i) حکومت آؤٹ سورس کے باوجود تمام اخراجات برداشت کرے گی تو نجی شعبے کو ذمہ داری دینے کی ضرورت کیوں محسوس کی گئی؟

(ii) حکومت کے پاس موجودہ ڈگری کالجز اور یونیورسٹیوں کو مضبوط بنانے کے لیے کتنے مالی اور انتظامی وسائل دستیاب ہیں، اور انہیں براہِ راست فراہم کرنے کا منصوبہ کیا ہے؟

(iii) آؤٹ سورس ہونے کے بعد لکچرارز، پروفیسرز اور دیگر عملے کی ملازمتیں اور مستقبل کیسے محفوظ کیے جائیں گے؟

(iv) حکومت نے پسماندہ علاقوں میں تعلیمی اداروں کے معیار کو برقرار رکھنے کے لیے کیا اقدامات تجویز کیے ہیں؟

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:48 PM - Fri
**Question # 1811**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 17, 2025 - Wed
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ, رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ فرنٹیر ایجوکیشن فاؤنڈیشن نجی تعلیمی اداروں کو بلا سود قرضے فراہم کرتا ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ یہ ادارہ اب بھی قائم ہے اور قرضے کیلئے اس کا ایک خاص طریقہ کار بھی موجود ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو اس ادارے پر آنے والے اخراجات کی تفصیل اور گزشتہ تین سالوں میں کتنے اور کون کون سے اداروں کو قرضے دیئے گئے ان کی بھی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:50 PM - Fri
**Question # 1803**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ, رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر ابتدائی وثانوی تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ہذا نے 2022 سے تاحال ضلع ہری پور کے مختلف سکولوں کی اپ گریڈیشن اور نئی تعمیرات کی منظوری دی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ان کیلئے فنڈز بھی مختص ہوئے تھے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو کتنے فنڈز مختص کیے گئے تھے اور ان پر کیا پیش رفت ہوئی؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 08, 2025 -- 06:55 PM - Mon
**Question # 1813**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ, رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر برائے اعلیٰ تعلیم ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ پشاور یونیورسٹی کا سمر کیمپس باڑہ گلی ایبٹ آباد کے علاقے میں قائم ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) حکومت نے مقامی لوگوں کو اس کیمپس سے کیا فوائد اور سہولیات فراہم کی ہیں؟

(ii) باڑہ گلی کے مقامی لوگوں کو روزگار اور ملازمت کے مواقع دینے کے حوالے سے کیا اقدامات کیے گئے ہیں؟

(iii) کیا اس سمر کیمپس میں مقامی لوگوں کے لئے کوٹہ مختص ہے؟ اگر ہاں تو کتنے فیصد ہے؟

(iv) اس کیمپس کے تحت شروع کیے گئے تعلیمی و ترقیاتی منصوبوں کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 11, 2025 -- 04:06 PM - Thu
**Question # 1829**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
**محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ضلع کرک میں اس وقت کل کتنے سرکاری گرلز اور بوائز (پرائمری، مڈل اور ہائی وہائیر سیکنڈری) سکولز موجود ہیں؟

(ب) کرد شریف اور شاونکی میں کتنے سرکاری گرلز اور بوائز (پرائمری، مڈل اور ہائی وہائیر سیکنڈری) سکولز موجود ہیں؟

(ج) اگر ان علاقوں میں لڑکیوں کے لیے کوئی سرکاری سکول موجود نہیں، تو کیا حکومت کی جانب سے وہاں گرلز سکول قائم کرنے کا کوئی منصوبہ زیر غور ہے؟ اگر ہے، تو اس کی موجودہ حیثیت اور ممکنہ تکمیل کی مدت کیا ہے؟

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:10 AM - Fri
**Question # 1838**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر خوراک از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ خوراک نے پچھلے سال میں موجودہ سال کے لیے گندم کی خریداری کی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اس سال آٹے کی قلت کا خطرہ کیوں درپیش ہے؟ نیز صوبے میں آٹے اور روٹی کی قیمت بتدریج کیوں بڑھ رہی ہیں؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 12, 2025 -- 10:11 AM - Fri
**Question # 1847**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

از راہ کرم وزیر برائے خوراک ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ صوبائی حکومت نے گزشتہ سال سرکاری گوداموں میں گندم ذخیرہ کی تھی؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو براہِ کرم وضاحت فرمائی جائے کہ:

1. کیا مذکورہ ذخیرہ شدہ گندم میں کیڑے پڑ گئے ہیں جس کے باعث اس میں بدبو پیدا ہوئی؟

2. کیا یہ درست ہے کہ ان گوداموں سے اڑنے والے کیڑے قریبی آبادی تک بھی پہنچے؟ اگر ہاں، تو اس بارے میں تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 18, 2025 -- 03:55 PM - Thu
**Question # 1831**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 08, 2025 - Wed
**محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر خوراک از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) صوبے بھر کے بازاروں میں ضروری اشیاء کو سرکاری نرخنامے پر فروخت کرنے کو یقینی بنانے کی ذمہ داری کس کی ہے؟

(ب) ضلع پشاور میں گزشتہ مالی سال کے دوران کتنے گران فروشوں کو گرفتار کیا گیا؟ نیز ان گرفتار گران فروشوں کو جرمانوں کے علاوہ کیا سزائیں دی گئیں؟

(ج) جرمانوں سے حاصل شدہ رقم کہاں اور کس مد میں خرچ کی گئی؟ مکمل تفصیلات فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 23, 2025 -- 09:53 AM - Tue
**Question # 1862**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر ابتدائی وثانوی تعلیم از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ میں اقلیت سے تعلق رکھنے والی فیمیل ٹیچرز تعینات ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) آیا مذکورہ ٹیچرز کو ان کے اپنے یونین کونسل میں تعینات کیا جاتا ہے؟

(ii) پروموشن کی صورت میں حکومتی پالیسی کی تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 78واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

## جو کہ 04 فروری 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:01 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1572**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اربن ایریا ڈیویلپمنٹ اتھارٹی (UADA) ڈیرہ اسماعیل خان کے پانچویں بورڈ میٹنگ کے ایجنڈا آئٹم نمبر 21 میں صرف ملازمین کو گریجویٹی اور ریٹائرمنٹ پیکج دینے کیلئے پلاٹوں کی نیلامی کی متفقہ طور پر منظوری دی گئی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ ملازمین پیکج کے لئے کتنے پلاٹس نیلام کئے گئے اور حاصل شدہ رقم سے کتنے ملازمین کو گریجویٹی اور ریٹائرمنٹ پیکج کے تحت رقوم دی گئیں تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:03 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1397**
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر مواصلات و تعمیرات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ نے جولائی 2018 سے دسمبر 2021 تک ڈی آئی خان میں سڑکیں تعمیر کی ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ڈی آئی خان میں مذکورہ بالا عرصہ کے دوران کل کتنی کلو میٹر سڑکیں تعمیر کی گئی ہیں حلقہ وائز تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:28 PM - Mon
سوال نمبر**Question # 1548**
**Sent to Dept Date:** Jul 08, 2025 - Tue
**جناب احسان اللہ خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر بلدیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ 15 دسمبر 2022 کو ٹی ایم اے کلاچی نے ٹینڈر نمبر 18835 کے تحت (E-bidding) کی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) متعلقہ سکیمز کے لیے ٹنیڈر میں حصہ لینے والی کنسٹریکشن کمپنیوں کے نام کی تفصیل فراہم کی جائے۔

(ii) متعلقہ ٹینڈر کے تحت ہونے والی سکیموں کی مد میں اب تک کتنی رقم ریلیز ہوئی اور ان میں ٹھیکیدار کو کتنی پیمنٹ ہو چکی ہے؟ نیز ان ادائیگیوں کی مد میں ٹھیکیدار نے کتنا فیصد کام مکمل کیا ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 08, 2025 -- 03:46 PM - Wed
سوال نمبر**Question # 1949**
**Sent to Dept Date:** Jan 05, 2026 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر زراعت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں محکمہ زراعت کے دفاتر موجود ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع لوئر کوہستان میں موجود آفسر اور سب آفسز کی فہرست سمیت منظور شدہ آسامیاں کی تعداد، ان پر تعینات افسران و اہلکاروں اور خالی آسامیوں کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 10, 2025 -- 02:41 PM - Fri
**Question # 2000**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)ضلع ہری پور میں پبلک سیکرٹریٹ کے پیچھے لیڈیز پارک بنایاگیاہے اس میں کتنے ملاز مین کام کر رہے ہیں؟ان کے نام،پتہ،عرصہ تعیناتی اوراب کہاں کہاں پرڈیوٹی دے رہے ہیں مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب)کیامذکورہ پارک میں جم اور پارلر کی سہولت دی جائے گی؟اورکب تک دی جائے گی؟تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Oct 20, 2025 -- 11:50 AM - Mon
**Question # 1890**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 27, 2025 - Mon
**محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرِ مواصلات وتعمیرات ازراہِ کرم ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف)آیایہ درست ہے کہ ضلع مردان میں عوام کی سہولت اور ٹریفک کی روانی برقرار رکھنے کے لیے رنگ روڈ تعمیر کیاگیاہے؟

(ب)آیابھی یہ درست ہے کہ مذکورہ رنگ روڈ مختلف مقامات پر خراب حالت میں ہے؟

(ج)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو مذکورہ رنگ روڈ کی دوبارہ تعمیر ومرمت کب شروع کی جائے گی؟مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

**Notice Date :** Oct 20, 2025 -- 11:51 AM - Mon
**Question # 1906**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2025 - Tue
**محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیرِ مواصلات وتعمیرات ازراہِ کرم ارشادفرمائیں گے کہ:

(الف)کیایہ درست ہے کہ محکمۂ مواصلات وتعمیرات(W&C)ضلع میں سڑکوں کی تعمیر کے لیے فنڈز فراہم کرتاہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتوگزشتہ چھ(6)سالوں کے دوران ضلع مردان کی تمام تحصیلوں میں سڑکوں کی تعمیر کے لیے کتنافنڈ فراہم کیاگیا؟نیزہر سڑک کی لمبائی،منظور شدہ فنڈز،ٹھیکیدار کانام،اور مقام(جگہ)کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 13, 2025 -- 12:31 PM - Thu
**Question # 1903**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 02, 2025 - Tue
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ صوبہ بھر میں اس وقت کچرے کو ٹھکانے لگانے اور ری سائیکلنگ کے مراکز موجود ہیں؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ موجودہ صفائی کے نظام سے حکومت مطمئن ہے؟

(ج)اگر(الف)اور(ب)کے جوابات نفی میں ہوں،تو صفائی کے نظام کو بہتر بنانے کے لیے حکومت کیااقدامات اٹھانے کاارادہ رکھتی ہے؟

**Notice Date :** Nov 13, 2025 -- 12:33 PM - Thu
**Question # 1912**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 09, 2025 - Tue
**جناب عسکر پرویز صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیربلدیات ازراہ کرم ارشادفرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ ہاؤسنگ سوسائٹیز کے ایکٹ/قانون میں مکینوں کو فراہمی آب کی شق شامل ہے؟

(ب)آیایہ بھی درست ہے کہ ہاؤسنگ سوسائٹیز زیر زمین صاف پانی کے ذخائر سے استفادہ حاصل کر رہے ہیں؟

(ج)اگر(الف)و(ب)کے جوابات اثبات میں ہوں تو؛

(i) سوسائٹیز حکومت کو کس طریقہ کار کے تحت پانی کے ذخائر استعمال کرنے کی ادائیگیاں کرتی ہیں؟

(ii)اگرادائیگیاں نہیں کر رہی تو حکومت اس ضمن میں کیااقدامات اٹھانے کاارادہ رکھتی ہے؟تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Nov 25, 2025 -- 12:47 PM - Tue
**Question # 1917**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Dec 15, 2025 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ بلدیاتی نمائندگان وی سی /این سی میں چیئرمین، یوتھ کونسلر، وومن کونسلر، کسان کونسلر اور (2) جنرل کونسلر زلوکل گورنمنٹ رولز کے مطابق موجود ہیں؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو

(i)NMDS کے لیے مختص شدہ سپیشل گرانٹ / فنڈ کے لیے صرف چیئرمین کو اس کی تقسیم اور خرچ کا اختیار کیوں دیا گیا ہے؟

(ii)درجہ بالانمائندگان کی شکل میں ایک کمیٹی موجود ہے اس میں ذیلی کمیٹوں کو کیوں اور کس مقصد کے لیے تشکیل دیا جارہاہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Nov 25, 2025 -- 12:48 PM – Tue
**Question # 2009**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 12, 2026 - Mon
**جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف)آیایہ درست ہے کہ کابینہ کے بیسویں اجلاس میں کھیلوں کی مد میں نئے ضم شدہ اضلاع NMDS کے لئے جاری کی گئی سپیشل گرانٹ کے استعمال کے لئے ایک کمیٹی بنائی گئی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو

(i)سُپر ویژن (نگرانی) کے علاوہ اس کمیٹی کے پاس کون کون سے اختیارات ہیں اور مذکورہ پروکیومنٹ کمیٹی کس قانون اور کون سے طریقہ کار کے تحت NC اور VC سے پروپوزلز منگواتی ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔ نیز مذکورہ فنڈز کس قانون اور طریقہ کار کے تحت کن حکام کے ذریعے خرچ ہوگی. مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 10, 2025 -- 04:46 PM - Wed
**Question # 1963**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 07, 2026 - Wed
**محترمہ ریحانہ اسماعیل صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر بلدیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف)کیایہ درست ہے کہ پشاور میں مختلف مقامات پر عوام سے بھاری پارکنگ فیس وصول کی جارہی ہے؟

(ب)اگر(الف)کاجواب اثبات میں ہوتو:

پارکنگ فیس کے لیے کون کون سی جگہیں مقرر کی گئی ہیں، اور ہر جگہ کے لیے کم سے کم اور زیادہ سے زیادہ فیس کتنی مقرر ہے؟ یہ فیس کس قانون یا ضابطے کے تحت متعین کی گئی ہیں؟

پشاور میں کل کتنے ٹھیکے جاری کیے گئے ہیں، اور کس کس کو (پارکنگ ٹھیکے) دیے گئے ہیں؟ براہ کرم مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نوویں اجلاس کا 79 واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 06 فروری 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:07 PM - Mon
**Question # 1509** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا تھیلیسیمیا بیماری کا علاج انصاف کارڈ میں شامل ہے؟

(ب) مذکورہ بیماری کے علاج میں استعمال ہونے والی ادویات سرکاری ہسپتالوں اور عام مارکیٹ میں دستیاب ہیں؟ اس کی تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:08 PM - Mon
**Question # 1384** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 02, 2025 - Wed
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر منصوبہ بندی و ترقیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) سپیشل ڈیولپمنٹ یونٹ (SDU) نے سال 2022 سے تاحال کتنے پراجیکٹ کہاں کہاں شروع کئے ہیں۔ ہر ایک پراجیکٹ کی لاگت کتنی ہے؟

(ب) ان میں سے کتنے پراجیکٹ مکمل ہو چکے ہیں اور کتنے زیر تکمیل ہیں ان سب کی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:32 PM - Mon
**Question # 1394** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 03, 2025 - Thu
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر عملہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ اٹھارویں ترامیم کے بعد صوبے کے حکومتی رولز آف بزنس میں ترامیم لازمی تھی؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ کئی سال گزرنے کے باوجود یہ ترامیم نہیں کی گئی ہیں؟

(ج) اگر (الف) اور (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو حکومت کب تک اس قانونی سقم کو دور کرنے کا ارادہ رکھتی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 12:50 PM - Mon
**Question # 1585** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر صحت از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:۔

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ ڈیرہ اسماعیل خان میں ایک Child Care Hospital & Mother تعمیر کرنا چاہتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو اب تک اس کی تعمیر کے حوالے سے کتنا ہوم ورک مکمل کیا گیا ہے نیز مذکورہ ہسپتال ضلع ڈیرہ اسماعیل خان میں کس جگہ پر تعمیر کیا جائے گا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:01 PM - Mon
**Question # 1535** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیا وزیر داخلہ از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ بنوں سب ڈویژن وزیر اور ایف آر وزیر کے لئے ایٹا میرٹ لسٹ کے تحت پولیس میں بھرتیاں ہوئی ہیں۔

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) مذکورہ بھرتیوں کی تعداد کتنی تھی؟

(ii) کیا مذکورہ بھرتیاں اشتہار مورخہ 18 فروری 2024 کے مطابق ہوئی ہیں۔ اگر نہیں تو وجوہات بتائی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 02:02 PM - Mon
**Question # 1446سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
**جناب عدنان خان صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر عملہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) گزشتہ 2 سالوں میں محکمہ اینٹی کرپشن کو کتنی شکایات موصول ہوئی، ان میں سے کتنے کیس درج اور کتنے کیسوں کی انویسٹیگیشن وانکوائریاں ہوئیں؟ تفصیل فراہم کی جائے؟

(ب) درج کئے گئے کیسز میں کتنے کیسز میں سزائیں سنائی گئیں، خارج شدہ اور زیر التوا کیسز سمیت مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 01:23 PM - Mon
**Question # 1774سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر کھیل اور امور نوجوانان ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ کھیل مردان میں وقتاً فوقتاً کھیلوں اور تفریح کے ایونٹ منعقد کرتا ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو گزشتہ 5 سالوں کے دوران محکمہ کھیل وامور نوجوانان نے ضلع مردان میں خصوصاً تعلیمی اداروں میں خواتین کے لیے کتنے پروگرامز منعقد کئے ہیں؟ تفصیل فراہم کریں۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 03:46 PM - Mon
**Question # 1772سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Sep 11, 2025 - Thu
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ ڈی ایچ کیو بے نظیر شہید ہسپتال ایبٹ آباد میں آئی سی یو میں ای سی جی مشین موجود نہیں ہے۔ اور ایکو مشین بھی تقریباً تین ماہ سے خراب ہے۔ وضاحت فراہم کی جائے۔

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ مذکورہ ہسپتال میں ایکسرے فلموں کی ایک سال سے قلت اور دیگر سہولیات کی کمی کے حل کے لیے حکومت کیا اقدامات کر رہی ہے۔ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 03:47 PM - Mon
**Question # 1758سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Sep 08, 2025 - Mon
**محترمہ آمنہ سردار صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) ڈی ایچ کیو بے نظیر شہید ہسپتال ایبٹ آباد میں صفائی ستھرائی اور نکاسی آب کے ناقص نظام کو بہتر بنانے کے لیے محکمہ کیا عملی اقدامات کر رہا ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) مذکورہ ہسپتال میں سینٹری ورکرز کی کتنی تعداد ہے؟ اور مزید کتنی کی ضرورت ہے؟

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 05:16 PM - Mon
**Question # 1793سوال نمبر**
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**جناب مخدوم زادہ محمد آفتاب حیدر صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر کھیل اور امور نوجوانان ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ سال 16-2015 کی سالانہ اے۔ڈی۔پی کے تحت صوبہ بھر میں کھیل کے میدانوں کے لیے فنڈز مختص کیے گئے تھے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ ضلع ڈیرہ اسماعیل خان کی تحصیل پہاڑپور کے لیے سپورٹس سٹیڈیم کی منظوری بھی دی گئی اور اس مد میں فنڈز بھی جاری ہوئے تھے۔

(ج) آیا یہ بھی درست ہے کہ اس سلسلے میں زمین کی خریداری بھی ہوئی اور ٹینڈر بھی ہوئے اور باقاعدہ کام کا آغاز بھی ہوا۔

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:-

(i) تحصیل پہاڑپور سپورٹس سٹیڈیم کے لیے کتنے فنڈز کی منظوری ہوئی اور کتنی زمین خریدی گئی؟

(ii) تحصیل پہاڑپور سپورٹس سٹیڈیم کے فنڈز پنیالہ کیوں شفٹ ہوئے اور یہ منصوبہ ادھورہ کیوں چھوڑ دیا گیا؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 07:00 PM - Mon
**1756 # Question**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 08, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر صحت ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ طلباء اور طالبات میڈیکل ٹیسٹ (MDCAT) کے لیے فیس جمع کرتے ہیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو مذکورہ فیس کن رولز کے تحت لی جاتی ہے ؟ اور رولز میں یہ فیس کتنی مقرر ہے ؟

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 07:05 PM - Mon
**1782 # Question**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ پولیس میں ایڈوانس کورس کے لیے اہلکار منتخب کیے جاتے ہیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) ان کے انتخاب کا کیا طریقہ کار ہے ؟ اس میں سینارٹی کا کتنا خیال رکھا جاتا ہے ؟

(ii) کس کس رینک کے اہلکار / ملازم منتخب ہوتے ہیں ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) 2007 اور 2008 میں پروموٹ ہونے والوں کو شامل کیا گیا ہے یا نہیں ؟

(iv) 2009 اور 2010 والے کتنے اہلکار ان میں شامل ہیں ؟

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 04:16 PM - Tue
**1798 # Question**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر برائے محکمہ منصوبہ بندی و ترقیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ :

(الف) ضلع کرک کی رائلٹی کی کل رقم کیا ہے، اور گزشتہ دس سالوں کے دوران اس مد میں کتنی رقوم وصول کی گئیں اور یہ رقوم کن منصوبہ جات پر خرچ کی گئیں ؟

(ب) رائلٹی کی مد میں اس وقت دستیاب فنڈز کی کل رقم کیا ہے، اس کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 06:13 PM - Tue
**1794 # Question**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر داخلہ ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ محکمہ پولیس اور ایلیٹ فورس کے ملازمین مختلف شخصیات کے ساتھ وی آئی پی ڈیوٹیز پر تعنیات ہیں ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو

(i) صوبے میں کل پولیس اور ایلیٹ فورس کی تعداد کتنی ہے ؟ اور اس میں کتنی تعداد وی آئی پی ڈیوٹی پر مامور ہے ؟

(ii) وی آئی پی ڈیوٹیز پر مامور پولیس و ایلیٹ فورس کے اہلکاروں کے نام و تفصیل نیز جن وی آئی پیز کے ساتھ تعینات ہیں ان کی مکمل تفصیلات فراہم کی جائیں۔

# صوبائی اسمبلی سیکرٹریٹ خیبر پختونخوا

نویں اجلاس کا 80واں گروپ

## نشان زدہ سوالات (Starred Questions)

جو کہ 09 فروری 2026ء کو منعقدہ اجلاس کے دوران دریافت کئے جائینگے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:16 PM - Mon
**Question # 1457** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر جنگلی حیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ خیبر پختونخواہ وائلڈ لائف اینڈ بائیوڈائیورسٹی ایکٹ 2015 کے تحت، خاندان Accipitridae کے تمام اراکین بشمول نقل مکانی کرنے والے شمالی گوس ہاک کو تیسرے شیڈول (Accipiter gentiles) میں محفوظ جانوروں کے طور پر شامل کیا گیا ہے جس کے شکار اور قبضے پر پابندی ہے؟

(ب) آیا یہ بھی درست ہے کہ گوس ہاک پاکستان میں ایک نقل مکانی کرنے والی نسل ہے جو کہ مقامی پرندہ نہیں اور بین الاقوامی ادارہ IUCN اسے کم تشویش والی نسل کے طور پر درجہ بندی میں شمار کرتا ہے، تو کیا وائلڈ لائف ڈیپارٹمنٹ اس درجہ بندی کی سائنسی بنیاد یا تخلیق کی وضاحت کر سکتا ہے، تفصیل فراہم کی جائے؟

(ج) اس مجوزہ نسلی پرندے کی نقل مکانی کی نوعیت اور عالمی تحفظ کی حیثیت کو مدنظر رکھتے ہوئے کیا اس درجہ بندی پر نظر ثانی کرنے کے لئے محکمانہ / حکومتی منصوبے زیر غور ہیں؟ یا نہیں؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jun 30, 2025 -- 01:17 PM - Mon
**Question # 1458** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 04, 2025 - Fri
جناب احمد کنڈی صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر معدنیات از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیا یہ درست ہے کہ معدنیات سے متعلق مروجہ قوانین کے تحت کوئلے، قیمتی پتھروں اور دیگر معدنیات کے بڑے ذخائر کے قریب ایمرجنسی ہسپتالوں، ریسکیو عملہ، ہیوی مشینری اور جدید طبی سہولیات سے آراستہ ایمبولینس کی موجودگی لازمی ہوتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

(i) صوبہ بھر میں معدنیات کے بڑے ذخائر کے قریب ان سہولیات اور ضروریات کو یقینی بنانے کے ذمہ دار کون سے محکمے ہیں؟ اور ان کی مانیٹرنگ کا طریقہ کار کیا ہے؟

(ii) نیز گزشتہ پانچ سالوں کے دوران معدنیات کے بڑے ذخائر میں حادثات کے موقع پر ایمرجنسی لوازمات کی عدم فراہمی پر کتنے واقعات کی انکواریاں کی گئی؟ اور ان انکوائریوں کے نتیجے میں جن ذمہ دار اہلکاروں کے خلاف محکمانہ کاروائیاں عمل میں لائی گئی ہیں۔ ان کی بھی تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Jul 01, 2025 -- 09:49 AM - Tue
**Question # 1507** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jul 07, 2025 - Mon
جناب محمد نثار صاحب , رکن صوبائی اسمبلی

کیاوزیر محکمہ لیبر از راہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) محکمہ کی زیر نگرانی ورکرویلفیئر بورڈ نے گزشتہ (5) سالوں کے دوران کتنے ترقیاتی منصوبے شروع کئے تھے؟ اور موجودہ وقت کتنے جاری ہیں؟ گزشتہ (5) سالوں کی تفصیل ضلع وائز فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 25, 2025 -- 12:00 PM - Mon
**Question # 1800** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
محترمہ مہر سلطانہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی

از راہ کرم وزیر برائے آبکاری و محاصل اور انسداد منشیات ارشاد فرمائیں کہ:

(الف) کیا یہ درست ہے کہ محکمہ آبکاری و محاصل اور انسداد منشیات میں وقتاً فوقتاً دیگر محکموں کے ملازمین کو ڈیپوٹیشن پر تعینات کیا گیا ہے؟

(ب) اگر حصہ (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:

1۔اس وقت محکمہ ھذا میں کل کتنے ملاز مین مختلف محکموں سے ڈیپوٹیشن پر تعینات ہیں؟ براہ کرم متعلقہ محکموں اور مدتِ ملازمت سمیت تفصیل فراہم کی جائے۔

2۔ محکمہ میں ڈیپوٹیشن پر تعیناتی کے لیے اپنے اصلی محکمہ (Parent Department) میں ملازمت کی کم سے کم مدت کیا مقرر ہے؟ نیز دیگر شرائط و قواعد و ضوابط کی تفصیل بھی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Aug 28, 2025 -- 04:00 PM - Thu
**Question # 1778**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 16, 2025 - Tue
**محترمہ شہلا بانو صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر لیبر ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ ہذا میں ڈاکٹرز بھی تعینات ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو:۔

(i) جو ڈاکٹرز دو سال سے زائد ایک ہی پوسٹ /پوزیشن پر تعینات ہیں ان کی عرصہ تعیناتی کی کوائف کے ساتھ تفصیل فراہم کی جائے

(ii) اس کے بارے گورنمنٹ /چیف سیکرٹری خیبر پختونخوا کی پالیسی کیا ہے مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

(iii) عرصہ دو سال سے زیادہ ایک ہی پوسٹ /پوزیشن پر تعینات رہنے کی وجوہات سمیت ان ڈاکٹرز کے نام اور عرصہ تعیناتی کی تفصیل بھی الگ الگ فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 01:26 PM - Mon
**Question # 1780**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شاہدہ صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبکاری و محاصل اور انسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع مردان میں تمباکو کی پیداوار ہوتا ہے؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ حکومت، صوبائی اور وفاقی فنڈز میں تمباکو سے وفاقی اور صوبائی سیس کی کٹوتی کرتی ہے؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو:

(i) گزشتہ دس سالوں کے دوران ضلع مردان کو تمباکو سیس کی مد میں کتنی رقم مہیا کی گئی ہے؟

(ii) مذکورہ رقم کس فارمولے کے تحت کن کن تحصیلوں اور حلقوں میں تقسیم کی گئی ہے؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 07:01 PM - Mon
**Question # 1781**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر آبکاری و محاصل وانسداد منشیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ اگست میں ایکسائز پولیس نے G.C.P چیک پوسٹ پشاور پر چیکنگ کے دوران دو قدیم مجسمے برآمد کیے تھے اور یہ مجسمے تاریخی اور ثقافتی اعتبار سے نا صرف قیمتی بلکہ بین الاقوامی منڈی میں اس کی مالیت کروڑوں میں بتائی جاتی ہے؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو یہ مجسمے اب کہاں ہیں؟ اور ملزمان کے خلاف کیا کاروائی ہوئی ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 01, 2025 -- 07:02 PM - Mon
**Question # 1789**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ طہماس خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی، جنگلات و ماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ہزارہ اور ملاکنڈ ڈویژن میں جنگلات کی بے دریغ کٹائی کی شکایات محکمہ ہذا کو موصول ہوئی ہیں؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ اس حوالے سے حکومت نے ایک مانیٹرنگ کمیٹی بھی تشکیل دی تھی؟

(ج) آیایہ بھی درست ہے کہ جنگلات / درختوں کی سمگلنگ میں ڈائریکٹوریٹ کے 60 افسران بھی ملوث ہیں؟

(د) اگر (الف) تا (ج) کے جوابات اثبات میں ہو تو تشکیل شدہ کمیٹی کی رپورٹ سمیت ان میں ملوث افسران / اہلکاروں کے خلاف کی گئی کاروائی کی مکمل تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 06:10 PM - Tue
**Question # 1795**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر موسمیاتی تبدیلی وجنگلات وماحولیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ ضلع لوئر کوہستان میں جنگلات کی غیر قانونی اور بے دریغ کٹائی ہوتی ہے ؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو 2013 میں کوہستان لوئر میں کٹائی سے پہلے جنگلات کا تناسب کیا تھا اور 2024 میں کٹائی کے بعد اسکا تناسب کتنارہ گیا ہے ؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 02, 2025 -- 06:14 PM - Tue
**Question # 1797**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**جناب سجاد اللہ صاحب , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر جنگلات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات نے ضلع لوئر کوہستان کے مالی سال 25-2024 کے لئے مختلف سکیموں کے لئے رقم مختص کی تھی؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمہ نے مالی سال 25-2024 کے لئے کتنی رقم اور کس کس سکیم کے لئے مختص کی تھی؟ مختص رقم کا استعمال کس طرح اور کن منصوبوں کے لئے ہوا ہے ؟ تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:34 PM - Fri
**Question # 1761**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Sep 15, 2025 - Mon
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر موسمی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات اور جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ موسموں کی تبدیلی اس وقت پوری دنیا کا سب سے اہم مسئلہ ہے جس سے لوگ متاثر ہو رہے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ان کے شدید اثرات سے بچنے کیلئے محکمہ نے اب تک کتنا کام کیا ہے اور کیا حکمت عملی اپنائی گئی ہے تفصیل فراہم کی جائے

**Notice Date :** Sep 05, 2025 -- 04:40 PM - Fri
**Question # 1843**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 09, 2025 - Thu
**محترمہ شازیہ جدون صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر موسمی تبدیلی، ماحولیات، جنگلات اور جنگلی حیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ محکمہ جنگلات ضلع ہری پور کی طرف سے مقامی استعمال کیلئے لکڑی کا کوٹہ مقرر ہے ؟

(ب) آیایہ بھی درست ہے کہ ضرورت مندوں کو چھان بین اور تحقیقات کے بعد لکڑی کا پرمٹ دیا جاتا ہے ؟

(ج) اگر (الف) و (ب) کے جوابات اثبات میں ہوں تو سال 2022 میں ضلع ہری پور میں جن افراد کو پرمٹ دیے گئے ہیں۔ ان کی فہرست بمعہ مقصد و تعداد لکڑی فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Sep 25, 2025 -- 04:00 PM - Thu
**Question # 1865**سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Oct 10, 2025 - Fri
**محترمہ فرح خان صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر محاصل وآبکاری اور انسداد منشیات ازراہِ کرم یہ وضاحت فرمائیں گے کہ:

(الف) پشاور شہر میں ٹیکسیوں کی مجموعی تعداد کیا ہے ؟ نیز ان میں رجسٹرڈ اور غیر رجسٹرڈ ٹیکسیوں کی علیحدہ تفصیل فراہم کی جائے۔

(ب) غیر رجسٹرڈ ٹیکسیوں کے خلاف اب تک کیا اقدامات کیے گئے ہیں ؟ اور کیا ان کے لیے کوئی ضابطہ اخلاق یا جامع پالیسی مرتب کی گئی ہے ؟

(ج) بالعموم پشاور اور بالخصوص یونیورسٹی روڈ پر ان ٹیکسیوں کے باعث عوام کو پارکنگ کے مسائل اور ٹریفک جام کی مشکلات کا سامنا رہتا ہے۔ اس صورتحال کو بہتر بنانے کے لیے حکومت نے کون سے عملی اقدامات کیے ہیں؟

**Notice Date :** Dec 16, 2025 -- 02:02 PM - Tue
**Question # 2004** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 08, 2026 - Thu
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر صنعت وحرفت وفنی تعلیم ازراہِ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ:

(الف) کیایہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع خیبر میں فنی تعلیم کے شعبے کے لیے فنڈز مختص کیے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو ضلع خیبر کے لیے مذکورہ شعبے میں کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا، کتنا فنڈ جاری ہوا اور کتنا فنڈ تاحال خرچ کیا جاچکا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔

**Notice Date :** Dec 29, 2025 -- 02:02 PM - Mon
**Question # 1985** سوال نمبر
**Sent to Dept Date:** Jan 06, 2026 - Tue
**محترمہ مدینہ گل آفریدی صاحبہ , رکن صوبائی اسمبلی**

کیاوزیر معدنیات ازراہ کرم ارشاد فرمائیں گے کہ

(الف) آیایہ درست ہے کہ موجودہ حکومت نے ضلع خیبر (سابقہ فاٹا) محکمہ منرل ڈیویلمنٹ کے شعبے کے لیے ترقیاتی فنڈز مختص کئے ہیں؟

(ب) اگر (الف) کا جواب اثبات میں ہو تو محکمے کے لیے کل کتنا فنڈ مختص کیا گیا ہے؟ کتنا فنڈ ریلیز کیا گیا ہے؟ کتنا فنڈ تاحال خرچ کیا گیا ہے؟ مکمل تفصیل فراہم کی جائے۔